Public Health England

NHS

NHS England and NHS Improvement
Skipton House
80 London Road
London
SE1 6LH

Classification: Official
Publications approval reference: C1321

کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے دستیاب ہیں اور یہ آپ کا حق ہے کہ متعدی امراض کے خلاف آپ کو تحفظ ملے

برطانیہ میں **ہر فرد کے لیے کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے مفت دستیاب** ہیں۔ اس میں مہاجرین بھی شامل ہیں۔

برطانیہ میں کروڑوں لوگوں کو اُن کے کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔ یہ محفوظ ہے اور اِس میں کسی طرح کے حیوانی یا خطرناک اجزاء شامل نہیں ہیں۔ یہ کوویڈ-19 کے نتیجے میں ہونے والی موت یا خطرناک مرض کے تدارک کا بہترین طریقہ ہے۔

کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لیے آپ کو جی پی یا این ایچ ایس نمبر کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کے پاس این ایچ ایس نمبر نہیں ہے تو آپ حفاظتی ٹیکے لگوانے کا بندوبست کرنے کے لیے اپنی مقامی جی پی سرجری سے رابطہ کر سکتے ہیں یا کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کے کسی واک-اِن یا پاپ-اپ سنٹر میں جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس این ایچ ایس نمبر ہے، تو جب آپ کو حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لیے مدعو کیا جائے تو ہم تاکید کرتے ہیں کہ آپ حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لیے جائیں۔

یہ فیصلہ کرنے میں مدد دینے کے لیے کہ آپ اور آپ کے ساتھ رہنے والے کسی فرد کے لیے کیابہتر ہے، ہم آپ کو کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں گے اور آپ صحت کے عملے سے اِس بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔

آپ کو کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوانے پر **کبھی بھی مجبور نہیں کیا جائے** گا اور اِس سے آپ کی اسائلم یا ریفیوجی حیثیت **متاثر نہیں ہوتی**

کوویڈ-19 کا ٹیسٹ کروانے یا حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لیے **کسی طرح کے امیگریشن کے چیکس** کی ضرورت نہیں۔

کوویڈ-19 کے خلاف بہترین تحفظ کے لیے آپ کو عموماً کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کی **دو خوراکیں لگوانے کی ضرورت ہوتی ہے۔**

جب آپ کو حفاظتی ٹیکہ لگ جائے گا تو آپ کو ایک کارڈ دیا جائے گا جس میں آپ کی ویکسین کے بارے میں معلومات ہوں گی، اگر آپ کر پائیں تو یہ کارڈ دوسرا ٹیکہ لگوانے کے لیے جاتے وقت اپنے ساتھ لے جائیں۔ اگر آپ کو یہ کارڈ نہ دیا جائے تو طلب کریں۔

آپ کوویڈ-19 کے بارے میں انگریزی اور دیگر زبانونمینمزیدیہاںپڑھسکتےہیں:

- COVID-19 guide for older adults
- NHS England COVID-19 vaccination communication materials
- COVID-19 vaccination for women of childbearing age, pregnant, planning a pregnancy or breastfeeding
- COVID-19 easy read resources
- Doctors of the World UK COVID-19 vaccination information

کیامیںجیپی کے ساتھ رجسٹر ہو سکتا ہوں؟

یو کے میں **کوئی بھی** جی پی کے ساتھ رجسٹر ہونے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ آپ کا جی پی ہیلتھ کیئر کی سروسز حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

آپ سے آپ کے پتے اور آئی ڈی کے بارے میں دریافت کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کے پاس پتے کا کوئی ثبوت یا آئی ڈی نہ ہو، تو اُنہیں بتائیں کہ یہ آپ کے پاس نہیں ہے۔ آپ پھر بھی جی پی پریکٹس کے ساتھ رجسٹر ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس پتے کا ثبوت اور آئی ڈی ہو، تو اگر ممکن ہو تو یہ فراہم کرنے کی کوشش کریں۔

آپ کے ڈاکٹر کے پاس آپ کے بارے میں یا آپ کی صحت کے بارے میں جو معلومات ہوتی ہے وہ **رازدارنہ** ہوتی ہے۔

اگر آپ کو مدد گار لگے تو یہ خط رجسٹر ہوتے وقت جی پی پریکٹس کو دکھائیں۔

جی پی تلاش کرنے یا رجسٹر ہونے کے لیے مزید مدد کے لیے، اپنے ہاؤسنگ ورکر سے بات کریں یا 2233 311 0300 کو رِنگ کریں۔ آپ مزید معلومات یہاں سے حاصل کرسکتے ہیں: NHS website اور GP access cards

مخلص

Dr Nikki Kanani
Deputy SRO, COVID-19 Vaccination Deployment Programme
Medical Director of Primary Care
NHS England and NHS Improvement

This letter is translated into Urdu.
This letter is also available in English and translated into Arabic, Bengali, Brazilian Portuguese, Bulgarian, Chinese, Czech, Estonian, Farsi, Greek, Gujarati, Hindi, Latvian, Lithuanian, Punjabi, Polish, Romanian, Romani, Russian, Spanish, Somali, Turkish, Twi and Ukrainian.